## سیکشن-A

سوال نمبر 1 سے 4 تک ہر سوال کا ایک نمبر ہے۔

**1.** کسی مینار کی اونچائی اور زمین پر پڑ رہے اس کے سایہ کی لمبائی کی نسبت $\sqrt{3}:1$ ہے۔ سورج کا زاویہ ارتفاع کیا ہے؟

**2.** کسی ٹھوس نصف کرہ کے حجم اور سطحی رقبہ کی عددی قدریں مساوی ہیں۔ نصف کرہ کا قطر کتنا ہے؟

**3.** اعداد $-3, -2, -1, 0, 1, 2, 3$ میں سے کوئی ایک عدد بنا کسی ترتیب کے منتخب کیا گیا۔ اس کا کیا احتمال ہے کہ منتخب کیے گئے عدد کا مربع 1 سے کم یا 1 کے مساوی ہے؟

**4.** اگر نقاط $(4, k)$ اور $(1, 0)$ کا درمیانی فاصلہ 5 ہے تو $k$ کی ممکنہ اقدار کیا ہو سکتی ہیں؟

## سیکشن-B

سوال نمبر 5 سے 10 تک ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

**5.** دو درجی مساوات $\sqrt{2}x^2 + 7x + 5\sqrt{2} = 0$ کے جذر معلوم کیجیے۔

**6.** 200 اور 500 کے درمیان کتنے صحیح اعداد ایسے ہیں جو 8 سے قابل تقسیم ہیں؟


**7.** ثابت کیجیے کہ کسی دائرے کے قطر کے سروں پر کھینچے گئے مماس ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں۔

**8.** $k$ کی وہ قدر معلوم کیجیے جس کے لیے مساوات $x^2 + k(2x + k - 1) + 2 = 0$ کے جذر حقیقی اور مساوی ہوں گے۔

**9.** 8 cm لمبائی کا ایک قطعہ خط کھینچیے اور اسے اندرونی طور پر $4 : 5$ کی نسبت میں تقسیم کیجیے۔

**10.** مندرجہ ذیل شکل میں، PA اور PB دائرہ پر باہری نقطہ P سے کھینچے گئے مماس ہیں۔ CD ایک دوسرا مماس ہے جو دائرہ سے نقطہ Q پر تماس میں ہے۔

اگر PA = 12 cm اور QC= QD = 3 cm ہو، تو PC + PD کی قدر معلوم کیجئے۔




## سیکشن۔C

سوال نمبر **11** سے **20** تک ہر سوال کے **3** نمبر ہیں۔

**11.** اگر کسی .A.P کا $m$واں رکن $\frac{1}{n}$ اور $n$واں رکن $\frac{1}{m}$ ہے، تو اس کے پہلے $mn$ ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجئے۔

**12.** سلسلے $\left(4-\frac{1}{n}\right)+\left(4-\frac{2}{n}\right)+\left(4-\frac{3}{n}\right)+......$ کے $n$ ارکان کا حاصل جمع معلوم کیجئے۔

**13.** اگر مساوات $(1+m^2)x^2+2mcx+c^2-a^2=0$ کے جذر مساوی ہوں تو دِکھایئے :

$$c^2=a^2(1+m^2)$$

**14.** اندرونی نصف قطر 5 cm اور اونچائی 24 cm کے مخروطی برتن کا $\frac{3}{4}$ حصّہ پانی سے بھرا ہوا ہے۔ پانی کو ایک اسطوانی برتن میں خالی کیا جاتا ہے۔ اسطوانی برتن کا اندرونی نصف قطر اگر 10 cm ہو تو اس میں پانی کی اونچائی معلوم کیجئے۔

